© rasailojaraid.com

# نقد و نظر

**خطبات** از مولٰنا عبدالصمد صاحب رحمانی مونگیری حجم ۳۲ صفحات قیمت ۳ر ۔ ملنے کا پتہ ۔ مکتبہ سیفیہ مونگیر

یہ خطبات آیۂ شریفہ: ۔ اَلزَّانِی لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً ۔ وَالزَّانِیَۃُ لَا یَنْکِحُھَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ، کی تفسیر ہیں ۔ مشہور مناظر مسٹر محمود دہرم پال بی ۔ اے نے اپنی ایک تقریر میں بیان کیا تھا کہ "جب کوئی مسلمان زنا میں مبتلا ہوجاتا ہے تو اسپر اس کی با عصمت اور عفیف بیوی حرام ہوجاتی ہے" اور اس قول پر اس آیۂ معظمہ سے استدلال کیا تھا ۔ مولٰنا موصوف نے اسی غلط خیال کی تردید کی ہے، اور حق یہ ہے کہ تحقیق کا حق ادا کردیا ہے ۔

**رہنمائے قرأت** مرتبہ جناب سید سردار علی شاہ صاحب ۔ حجم ۳۱ صفحات ۔ قیمت ۸ر ملنے کا پتہ: ۔ سید رحمت علی شاہ ۔ مسلم جنرل بک ایجنسی ۔ لاہور ۔

فن قرأت ان فنوں میں سے ہے جس کا جاننا ہر قرآن خوان کیلئے ضروری ہے ۔ یہ فن محض کتابی نہیں ہے لیکن جہانتک اصول و قواعد کا تعلق ہے کتابوں سے کچھ نہ کچھ مدد ضرور ملتی ہے اردو میں اسی فن پر چند رسالے شائع ہوچکے ہیں ۔ یہ رسالہ جناب مرتب نے اس طریق پر مرتب کیا ہے کہ بغیر استاد کے بھی اس فن کی تحصیل میں مدد دے سکے ۔

**ہدایتہ الوریٰ فی تشریح الربوا** از مولٰنا محمد نقی صاحب ۔ حجم ۲۶ صفحات قیمت ار ملنے کا پتہ ۔ انجمن اصلاح المسلمین مالیگاؤں ضلع ناسک

اس رسالہ میں مولٰنا ممدوح نے عقلی و نقلی دلائل سے سود کی تمام اقسام کی حرمت پر بحث کی ہے، اور آخر میں دار الحرب و دار الاسلام کی حدود پر کلام کیا ہے کہ جو لوگ سود خواری کے لئے ہندوستان کو دار الحرب سمجھتے ہیں انہیں معلوم ہوجائے کہ دار الحرب و دار الاسلام کی شرعی حیثیت کیا ہے،

© rasailojaraid.com